اردو ادب کا مابعدنوآبادیاتی مطالعہ(Postcolonial Study of Urdu Literature)

کریڈٹ آورز: ۳ **سمسٹر 7** **کورس کوڈ: BSU-403**

تعارف:

اس کورس کا مقصد نو آبادیات کے مفہوم اور اس کے اردو ادب پر اثرات کو طلباوطالبات تک پہنچانا ہے۔ برصغیر قریب دو سو برس تک برطانیہ کی نوآبادی رہا ہے۔ اس دوران سماج اور علوم کی تشکیلِ نو ہوئی۔ استعماریت نے سماج کو مختلف طبقات اور شناختوں میں تقسیم کیا۔ اس نئی تشکیل نے زبانوں کے مزاج اور ادبی اسالیب و رجحانات پر گہرا اثر ڈالا۔ اردو میں استعماریت کے نتیجے میں نئی ادبی اصناف جیسے ناول، افسانہ، نظم، سوانح اور مضامین کا آغاز ہوا۔ اس کورس کی مدد سے طالب علم استعماریت کی مختلف صورتوں اور حکمتِ عملیوں سے واقف ہو سکیں گے۔ ادب اور سماج کے تبدیل ہوتے کردار کی تفہیم کے قابل ہو سکیں گے۔ وہ یہ دیکھنے کے قابل ہو جائیں گے کہ نوآبادیاتی دور نے اردو ادب کی تشکیل پر کس نوعیت کے اثرات مرتب کیے۔ ادب کی تشکیل میں تاریخی قوتوں کے کردار کو سمجھنا بھی ممکن ہو سکے گا۔ مزید برآں نوآبادیات سے آزادی کے بعد اردو ادیبوں نے اس کی بنائی ذہنی اور ادبی تشکیلات سے نکلنے کی جو کوششیں کیں ان کا جائزہ بھی اس کورس کا حصہ ہو گا۔

مقاصد:

1- مابعد نوآبادیات کے تصور سے متعارف ہو سکیں گے۔
2- سیاسی نظام اور ادب کے باہمی رشتے کی نوعیت کو سمجھ سکیں گے۔
3- ہندوستان میں نوآبادیات کے سیاسی، سماجی ، معاشی اور ادبی مضمرات کی تفہیم کرسکیں گے۔
5- نوآبادیاتی دور کے اردو ادب کے مطالعے کا طریقہ کار اور تجزیے کے اطوار سیکھ سکیں گے۔
6- مابعد نوآبادیاتی ریاست اور اس کے ادب کے عمومی مزاج اور موضوعات کا تجزیہ سیکھ سکیں گے۔

تفصیل کورس

1. مابعد نوآبادیات: بنیادی تصورات
   1.1 نوآبادیات اور مابعد نوآبادیات کا فرق
   1.2 مابعد نوآبادیات اور شرق شناسی
   1.3 برصغیر میں یورپی نو آبادیات کی مختصر تاریخ
2. اردو فکشن کا مابعد نو آبادیاتی مطالعہ
   2.1 نذیر احمد ابن الوقت
   2.2 سعادت حسن منٹو تماشا ، نیا قانون
   2.3 حسن منظر برطانوی قبریں، سفید آدمی کی دنیا
3. اردو شاعری کا مابعد نوآبادیاتی مطالعہ
   3.1 مغربی استعمار کے خلاف مزاحمت: اکبر کی شاعری کی روشنی میں
   3.2 مغربی استعمار کے خلاف سیاسی جدوجہد: ظفر علی خان کی شاعری کی روشنی میں
   3.3 مغربی تہذیب و استعمار کے داخلی تضادات: اقبال کی شاعری کی روشنی میں

Teaching-learning Strategies: **Lecturing, Explicit Instruction, Metacognition**

- Assessment and Examinations:

مجوزہ کتب:

ایڈورڈ سعید ۔شرق شناسی، مترجمہ محمد عباس۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، ۲۰۰۵ء۔
عبداللہ یوسف علی ۔ انگریزی عہد میں ہندوستان کے تمدن کی تاریخ۔ الہ آباد: ہندوستانی اکیڈمی، ۱۹۳۵ء۔
ایڈورڈ سعید ۔ثقافت اور سامراج، مترجمہ یاسر جواد۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، ۲۰۰۹ء۔
فرانز فینن۔ افتادگانِ خاک، مترجمہ محمد پرویز، سجاد باقر رضوی۔ لاہور: نگارشات، ۱۹۷۰ء۔
باری علیگ۔ کمپنی کی حکومت۔ لاہور: طیب پبلشرز، ۲۰۰۱ء۔
انیس ناگی۔ نذیر احمد کی ناول نگاری۔ لاہور: فیروز سنز، ۱۹۶۵ء۔

شمس الرحمن فاروقی۔ صورت و معنیِ سخن۔ نئی دہلی: ایم آر پبلشرز، ۲۰۱۰ء۔
Aziz, K. K. *British in India*. Islamabad: National Commission for Historical and Cultural Research, 1977 .
Jalal , Ayesha. *Self and Sovereignty*. Lahore: Sang-e-Meel Publications, 2006
Ashcroft, Bill, Griffiths, Gareth & Helen Tiffin, Eds. *The Post-Colonial Studies Reader*. London: Routledge, 2005.